## ہنزہ کے علاقوں کو تباہی سے بچانے کیلئے جنگی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں۔الطاف حسین

### ہنزہ میں آئین آباد اورششکٹ پہلے ہی تباہ ہوچکے ہیں اوراب عطاء آباد،گلمت اور دیگر دیہات بھی خطرے سے دوچار ہیں

### مخیّر حضرات آئین آباد اورششکٹ کے متاثرہ عوام کی حتی الامکان مدد کریں

### ایم کیوایم گلگت بلتستان کے کارکنان متاثرین کی امداد کیلئے امدادی کارروائیوں میں بھرپور حصہ لیں

لندن۔۔۔10مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ہنزہ میں لینڈ سلائیڈنگ سے دوگاؤں کی تباہی اور وہاں سنگین ہوتی ہوئی صورتحال پر سخت تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ہنزہ کے علاقوں کو تباہی سے بچانے کیلئے جنگی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہنزہ میں لینڈ سلائیڈنگ کے نتیجے میں آئین آباد اورششکٹ پہلے ہی تباہ ہوچکے ہیں اوراب عطاء آباد، گلمت اور دیگر دیہات بھی خطرے سے دوچار ہیں جسکے باعث وہاں کے عوام سخت مصائب ومشکلات سے دوچار ہیں اورانکی جان اور مال واسباب کو تباہی کا سامنا ہے۔ جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ ہنزہ گوجال کے علاقوں کو تباہی سے بچایاجائے اورمتاثرہ عوام کی بحالی کیلئے فوری اقدامات کئے جائیں۔انہوں نے مخیّر حضرات سے بھی اپیل کی کہ آئین آباد اورششکٹ کے عوام گزشتہ چار ماہ سے کھلے آسمان تلے پڑے ہیں اوران کا سب کچھ تباہ ہوچکا ہے،ان متاثرہ عوام کی حتی الامکان مدد کریں۔انہوں نے ایم کیوایم گلگت بلتستان کے کارکنوں سے بھی کہا کہ وہ متاثرین کی امداد کیلئے امدادی کارروائیوں میں بھرپور حصہ لیں۔

## پیپکو کی جانب سے کراچی کوفراہم کی جانیوالی بجلی میں مزید350میگاواٹ کی کمی کراچی کے ساتھ کی جانیوالی زیادتیوں کاتسلسل ہے۔متحدہ قومی موومنٹ

### پیپکو کے اس اقدام پرکراچی کےعوام احتجاج پرمجبور ہونگے جس کی تمام تر ذمہ داری پیپکو اوروفاقی حکومت پر ہوگی

### ایم کیوایم کراچی کے ساتھ ہونیوالی اس ظلم وزیادتی کوکسی بھی قیمت پر برداشت نہیں کریگی اورعوام کے ساتھ ملکر احتجاج کرنے پرمجبور ہوگی

### کراچی کوفراہم کی جانیوالی بجلی میں کمی سے کراچی کی معیشت اورتجارت تباہ ہوگی

### اورکراچی کی معیشت کی تباہی ملک کی تباہ حال معیشت کومزید تباہ کرنے کے مترادف ہے

### کراچی کی بجلی میں350میگاواٹ کی مزید کمی کا فیصلہ واپس لیاجائے اورملک کی معیشت کوتباہ کرنے سے بازرہاجائے۔رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔10مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پیپکو کی جانب سے کراچی کوفراہم کی جانے والی بجلی میں مزید350 میگاواٹ کی کمی کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی قومی خزانہ کو70فیصد ریونیو دیتا ہےلیکن وفاق کی جانب سے مختلف طریقوں سے کراچی کے ساتھ مسلسل زیادتیاں کی جارہی ہیں،پیپکو کی جانب سے کراچی کوفراہم کی جانیوالی650میگاواٹ بجلی میں گزشتہ دنوں300میگاواٹ کمی کردی گئی تھی اوراب مزید350میگاواٹ کی کمی کی جارہی ہے جوکراچی کے ساتھ کی جانیوالی زیادتیوں کاتسلسل اورسراسرظلم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ لوڈشیڈنگ پورے ملک کا مسئلہ ہےاورملک کے دیگرشہروں کی طرح کراچی بھی لوڈشیڈنگ سے بری طرح متاثر ہےلیکن لوڈشیڈنگ پرقابو پانے کا حل نکالنے کیلئے کراچی کوبجلی سے محروم کیا جارہا ہے جوسراسرزیادتی ہےاورایم کیوایم کراچی کے ساتھ ہونیوالی اس ظلم وزیادتی کوکسی بھی قیمت پر برداشت نہیں کرے گی اوراس معاملے پرعوام کے ساتھ ملکر احتجاج کرنے پرمجبور ہوگی۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پیپکو کے اس اقدام پرکراچی کےعوام احتجاج پرمجبور ہونگے جس کی تمام تر ذمہ داری پیپکو اوروفاقی حکومت پر ہوگی۔کراچی ملک کی تجارت اورمعیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہےاوراس کوفراہم کی جانیوالی بجلی میں350 میگاواٹ کی مزید کمی سے کراچی کی معیشت اورتجارت تباہ ہوگی اورکراچی کی معیشت کی تباہی ملک کی تباہ حال معیشت کومزید تباہ کرنے کے مترادف ہے۔رابطہ کمیٹی نے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ کراچی کی بجلی میں 350میگاواٹ کی مزید کمی کا فیصلہ واپس لیاجائے اورملک کی معیشت کوتباہ کرنے سے بازرہاجائے۔

## ہنزہ میں مصنوعی جھیل سے پانی کے خراج کے باعث کئی گاؤں ڈوبنے اور دیگر تباہ کاریوں پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تشویش

## حکومت متاثرین کی بحالی اور انہیں محفوظ مقامات پر پہنچانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرے

کراچی۔۔۔10، مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے وادی ہنزہ میں لینڈ سلائیڈنگ کے باعث وجود میں آنے والی مصنوعی جھیل سے خطرناک حد تک پانی کے مسلسل اخراج اور اس کے نتیجے میں کئی گاؤں کے ڈوبنے اور دیگر تباہ کاریوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ حکومت مقامی آبادی کو فوری تحفظ فراہم کرے اور متاثرین کو محفوظ مقامات پر پہنچانے کیلئے عملی اقدامات بروئے کار لائے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ہنزہ میں گزشتہ دنوں لینڈ سلائیڈنگ کے سبب جہاں ایک گاؤں عطاء آباد تباہ ہوا وہیں اس کے نتیجے میں بننے والی جھیل نے بالائی ہنزہ گوجال کے دو دیہات آئینہ آباد اور شش کٹ بھی ڈوبو دیئے ہیں جبکہ اس جھیل میں پانی کی سطح میں مسلسل اضافہ ہورہا ہے جس کے بعد اب گوجال کا تحصیل ہیڈ کوارٹر گلمت بھی ڈوبنے کے خدشے سے دوچار ہے اور دیگر نشیبی علاقے بھی زیر آب آنا شروع ہوگئے ہیں لہٰذا حکومت متاثرین کی بحالی اور انہیں محفوظ مقامات پر پہنچانے کیلئے ہنگامی اقدامات کرے اور مزید قیمتی انسانی جانوں اور املاک کو نقصان سے بچایا جائے۔

## ٹوبہ ٹیک سنگھ میں آٹھ افراد کے ماورائے عدالت قتل کے سنگین واقعہ کی اعلیٰ سطحی عدالتی تحقیقات کرائی جائے۔رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

## پولیس کو یہ اختیار کس نے دیا ہے کہ لوگوں کو اس طرح پکڑ کر قتل کردیا جائے؟

## ٹوبہ ٹیک سنگھ کے واقعہ پر ایم کیو ایم کا اظہار مذمت، مقتولین کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10 مئی2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ٹوبہ ٹیک سنگھ میں آٹھ افراد کے ماورائے عدالت قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے اور وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ اس سنگین واقعہ کی اعلیٰ سطحی عدالتی تحقیقات کرائی جائے۔ اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پنجاب میں پولیس مقابلوں میں شہریوں کی ہلاکت کے واقعات تسلسل کے ساتھ ہورہے ہیں جو انتہائی تشویشناک امر ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اگر یہ بات مان بھی لی جائے کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ میں قتل کئے جانے والے افراد ڈاکو تھے تب بھی پولیس کو یہ اختیار کس نے دیا ہے کہ لوگوں کو اس طرح پکڑ کر قتل کردیا جائے؟ رابطہ کمیٹی نے آٹھ افراد کے ماورائے عدالت قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ واقعہ کی عدالتی تحقیقات کرائی جائے اور اس کے ذمہ دار تمام افراد کے خلاف کارروائی کی جائے۔ رابطہ کمیٹی نے مقتولین کے اہل خانہ سے بھی دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔

## جوائنٹ ایکشن کمیٹی کا احتجاج کرنے والے ملازمین سے اظہار یکجہتی

## کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی میں ملازمین کا اوزار و قلم چھوڑ احتجاج جاری

کراچی۔۔۔10، مئی2010ء

یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ، پیپلز یونین، کسوٹی اور جئے سندھ پورہت نگت کے عہدیداران پر مشتمل جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے مرکزی عہدیداران نے کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی انتظامیہ کے خلاف ملازمین کے قلم و اوزار چھوڑ احتجاج کا خیر مقدم کیا ہے اور ملازمین سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کہا کہ ملازمین نے انتظامیہ کے خلاف اپنی طاقت کا مظاہرہ کرکے ثابت کردیا ہے کہ ان کی جانب سے ملازمین دشمن اقدامات معاشی قتل عام کے خلاف اجتماعی جدوجہد جاری رہے گی۔ جوائنٹ ایکشن کمیٹی کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کے مرکزی عہدیداران نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی انتظامیہ ادارے میں خوف و ہراس کی فضاء پیدا کرکے نہ صرف ادارے کا ماحول خراب کررہی ہے بلکہ ملازمین کا معاشی قتل عام کرکے مزدور دشمنی پر مبنی فیصلے کررہی ہے جو کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کے باشعور محنتی اور جفاکش ملازمین کسی صورت قبول نہیں کریں گے اور اپنا احتجاج ریکارڈ کرانے کیلئے اتحاد و قوت کا بھرپور مظاہرہ کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہماری جدوجہد کا مقصد انتظامیہ کے تمام منفی اقدامات کو ناکام بنا کر ادارے میں خوشحالی و امن و بھائی چارے کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر پانی و بجلی راجہ پرویز اشرف سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی میں انتظامیہ کے متعصب رویئے کا نوٹس لیتے ہوئے انتظامیہ کے خلاف ایکشن لیا جائے۔ واضح رہے کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی میں انتظامیہ کے خلاف احتجاجی پروگرام کا سلسلہ جاری ہے۔

## ایم کیوایم آزاد کشمیر ڈسٹرکٹ میرپور کی رکن کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔10،مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم آزاد کشمیر ڈسٹرکٹ میرپور کی رکن محترمہ ارم خان کے والد محمود حسن بھٹی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم ایلڈرز ونگ لیاری سیکٹر کے کارکن فرید احمد انتقال کرگئے،الطاف حسین،رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔10،مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لیاری سیکٹر کے بزرگ کارکن فرید احمد کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے فرید احمد مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا ہے کہ میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ فرید احمد مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور ایلڈرز ونگ کے ارکان نے بھی فرید احمد کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت،ان کے بلند درجات اور سوگواران صبر جمیل کیلئے فاتحہ خوانی کی ہے۔دریں اثناء فرید احمد مرحوم کو سوگواروں کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان میوہ شاہ قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا،مرحوم کی نماز جنازہ صابری مسجد لیاری نشتر روڈ پر ادا کی گئی ،نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم ایلڈرز ونگ کے انچارج وسابق حق پرست رکن سندھ اسمبلی طیب ہاشمی،وحید خان،زاہد قریشی،ایلڈرز رونگ کے ارکان،رنچھوڑ لائن سیکٹر کمیٹی کے ارکان،علاقائی یونٹس کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔10 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم پاک کالونی سیکٹر یونٹ 190 کے کارکن اشفاق بیگ کی والدہ محترمہ رئیسہ بیگم،ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ کے کارکن زین العابدین کے بھائی ضیاء الرحمٰن،ایم کیوایم کے ایم اوسی جزیرہ کے کارکن محمد حسین کی والدہ حاجی اقبال انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆